## مذہبی انتہاپسند عناصر کی جانب سے سینیٹر نیلوفر بختیار کو دھمکیاں قابل مذمت ہیں۔الطاف حسین

## مذہبی انتہاپسند عناصر ہراس فرد کے دشمن بنے ہوئے ہیں جو ملک میں علم اور اعتدال پسندی کا فروغ چاہتا ہے

## الطاف حسین کی سینیٹر نیلوفر بختیار سے دلی ہمدردی اور بھرپور یکجہتی کا اظہار

## ایم کیوایم سینیٹر نیلوفر بختیار کے نیک مقاصد میں ہر طرح سے انکے ساتھ ہے

لندن۔۔۔7،فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مذہبی انتہاپسند عناصر کی جانب سے سینیٹر نیلوفر بختیار کو دھمکیاں دیئے جانے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سینیٹر نیلوفر بختیار سوات میں طالبان کی جانب سے اسکولوں کو جلائے جانے کے مذموم واقعات کے خلاف اسلام آباد میں کل جماعتی کانفرنس منعقد کرنا چاہتی تھیں لیکن مذہبی انتہاپسند عناصر نے سینیٹر نیلوفر بختیار اور کانفرنس میں شرکت کرنے والوں کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں جسکی وجہ سے سینیٹر نیلوفر بختیار کو یہ کانفرنس ملتوی کرنا پڑی ۔جناب الطاف حسین نے سینیٹر نیلوفر بختیار کو دھمکیاں دیئے جانے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ علم کے دشمن مذہبی انتہاپسند عناصر ایک طرف تو سوات اور دیگر علاقوں میں اسکولوں اور کالجوں کو آگ لگارہے ہیں اور لوگ بھی ان واقعات کے خلاف آواز بلند کررہے ہیں انہیں بھی دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ مذہبی انتہاپسند عناصر اسکولوں اور کالجوں کو آگ لگا کر اور دہشت گردی کی کارروائیوں کے ذریعے ملک کو جہالت کی تاریکی میں لے جانا چاہتے ہیں اور یہ عناصر ہراس فرد کے دشمن بنے ہوئے ہیں جو ملک میں علم اور اعتدال پسندی کا فروغ چاہتا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ وقت آ گیا ہے کہ ملک کی تمام اعتدال پسند جماعتیں اور عوام دہشت گردی کے ایسے واقعات کی کھل کر مذمت کریں اور دہشت گردی کے ذریعے ملک کی جڑیں کھوکھلی کرنے والے مذہبی انتہاپسند عناصر کے خلاف متحد ہوجائیں۔جناب الطاف حسین نے سینیٹر نیلوفر بختیار سے دلی ہمدردی اور بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا اور انہیں یقین دلایا کہ ایم کیوایم سینیٹر نیلوفر بختیار کے نیک مقاصد میں ہر طرح سے انکے ساتھ ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ سینیٹر نیلوفر بختیار کو دھمکیاں دیئے جانے کا نوٹس لیا جائے اور دھمکیاں دینے والے عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے۔

## عوام ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے رکن اسد شیخ کے بھانجے محمد نسیم کی صحتیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں،الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔6فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شعبہ اطلاعات نیوز کمیٹی کے رکن اسد شیخ کے نومولود بھانجے محمد نسیم کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور محمد نسیم کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں ،بہنو،بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ محمد نسیم کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## ایم کیوایم ایک نظریاتی تحریک ہے اور اس کا مقصد ملک سے جاگیردارانہ نظام کا مکمل خاتمہ ہے۔سلیم شہزاد

## ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے کارکنوں کی تربیتی نشست سے خطاب

لندن۔۔۔6فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ایک نظریاتی تحریک کا نام ہے اور ہر نظریاتی تحریک ایک مشن و مقصد کے تحت کام کرتی ہے،نظریاتی تحریکوں میں کارکنان بنیادی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم برطانیہ یونٹ میں کارکنوں کی تربیتی نشست سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر ایم کیوایم برطانیہ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش،جوائنٹ آرگنائزر رفیض احمد،آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین،ایم کیوایم برمنگھم،مانچسٹر،اور دیگر یونٹس کے ذمہ داران و کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔سلیم شہزاد نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ایک قول "I WANT QUALITY NOT THE QUANTITY" کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم میں کارکنان کی تربیت کا عمل جاری رہتا ہے۔تاکہ کارکنان کو نظریاتی اور فکری طور پر مضبوط کیا جاسکے۔انہوں نے ایم کیوایم کے نظریہ اور فکر و فلسفے پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کا مقصد ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کر کے 98 فیصد غریب و متوسط طبقے کے عوام

کے حقوق کا حصول ہے۔انہوں نے کہا کہ فرسودہ جاگیردارنہ نظام کے خاتمے کی کوششوں کے نتیجے میں ایم کیوایم کے خلاف طرح طرح کی سازششیں کی گئیں اور 19 جون 1992ء کا آپریشن بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی تھا جس کا مقصد عوام میں ایم کیوایم کی ساخت اور مقبولیت کو نقصان پہنچانا تھا مگر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے کی روشنی میں یہ تمام سازشیں ناکام ہوئیں اور کارکنان نے ثابت قدمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملک بھر میں ایم کیو ایم کے خلاف پھیلائی جانے والی منفی پروپیگنڈہ مہم کو بری طرح ناکام بنادیا۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی نظریاتی تحریک کے کارکنوں کی تربیتی نشست کا عمل کارکنان کو ذہنی طور پر تحریک کے لئے تیار کرنا ہوتا ہے کہ وہ کسی بھی پروپیگنڈے کا شکار نہ ہوں اور تحریک کے اصل مقصد اور مشن کے حصول کیلئے جدوجہد جاری رکھیں لہٰذا یہ عمل کسی بھی نظریاتی تحریک میں مسلسل جاری رہتا ہے۔سلیم شہزاد نے کارکنان پر زور دیا کہ پاکستان سمیت دنیا بھر کے بدلتے ہوئے حالات پر نظر رکھیں اور موجودہ صورتحال سے مکمل طور پر آگاہ رہنے کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیانات اور تنظیمی لٹریچر کا بغور مطالعہ کریں۔

## الطاف حسین کی سیاسی بصیرت کی بناء تمام قومیتوں کے لوگ ایم کیوایم میں جوق درجوق شامل ہورہے ہیں، مظہر حسین
## ایم کیوایم لیبر ڈویژن انکم ٹیکس یونٹ کے زیراہتمام منعقدہ دعوت حلیم سے خطاب

کراچی۔۔۔6،فروری2009ء۔۔۔قائد تحریک جناب الطاف حسین کی سیاسی بصیرت ہے کہ آج تمام قوموں کے لوگ ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہورہے ہیں اور پاکستان کیسلامتی کیلئے متحدہ کے قافلے میں جوق درجوق شامل ہورہے ہیں۔یہ بات متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظہر حسین نے گزشتہ دنوں متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن انکم ٹیکس یونٹ کے زیراہتمام ہونے والی دعوت حلیم سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے مرکزی کمیٹی کے اراکین اور انکم ٹیکس یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان اور ادارے کے افسران وایمپلائز نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔مظہر حسین نے کہا کہ ایم کیوایم ملازمین کے حقوق کیلئے ہر سطح پر آواز بلند کریگی اور مظلوم ایمپلائز کے کسی بھی قسم کے مسائل کو ہر ممکن حل کرنے کی بھرپور کوشش کریگی۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے واضح ہدایت کی ہے کہ کسی بھی ادارے کے ایمپلائز کے مسائل بلا رنگ ونسل ترجیح بنیاد پر حل کئے جائیں۔تقریب کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل RTU (ریجنل ٹیکس پیئر یونٹ) اسرار رؤف تھے جنہوں نے ملازمین کی جانب سے نشاندہی کردہ مسائل کو فوری حل کرانے کا یقین دلایا اور ان کیلئے میڈیکل کی سہولتوں کا اعلان بھی کیا۔انہوں نے متحدہ لیبر ڈویژن انکم ٹیکس یونٹ کی جانب سے منعقدہ دعوت حلیم کو سراہا اور کہا کہ اس طرح کی تقریبات کرنے سے لوگوں میں بھائی چارگی کی فضاء پیدا ہوتی ہے۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔6،فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موونٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی نیوکراچی ٹاؤن یوسی 11 کے کارکن جاوید مغل کی والدہ محترمہ نورجہاں، ایم کیوایم شعبہ خواتین لائینز ایریا سیکٹر یونٹ بزرٹہ لائن وارڈ 4 کی کارکن محترمہ نسرین ناز کے والد نصیرالدین شاہ، ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 107 کے کارکن سید گوہر علی کے والد سید اصغیر علی، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 76 کے کارکن فہیم اقبال کے بھائی جاوید اقبال، ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر یونٹ یوسی 5 کے کارکن خالد حسن زیدی کے والد سید مظہر حسین زیدی، ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ دہلی کالونی کے کارکن فرحان کی والدہ محترمہ فہمیدہ بیگم، ایم کیوایم جامشورو زون کے کارکن یاسین راجپوت کے بھائی یامین راجپوت اور ایم کیوایم سانگھڑ زون سیکٹر کھبر و کی یونٹ کمیٹی کے رکن محمد رفیق کے بھائی محمد شریف کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆